27 جنوری 2015ء

اسٹیٹ بینک نے منصفانہ سروس چارجز کی وصولی کے لیے بینکوں کو رہنما ہدایات جاری کردیں

اسٹیٹ بینک نے بینکوں کی طرف سے سروس چارجز میں انصاف برقرار رکھنے کے لیے رہنما ہدایات جاری کردی ہیں۔ یہ رہنما ہدایات 9 اصولوں کا احاطہ کریں گی اور ان پر یکم جولائی 2015ء سے سروس چارجز پر عمل درآمد ہوگا۔

بینکوں کی جانب سے فراہم کی جانے والی مختلف پراڈکٹس اور خدمات کے عوض چارجز لاگو کرنے میں انصاف اور شفافیت کا ہونا ضروری ہے، جس سے بینکاری صنعت پر صارفین کا اعتماد بڑھے گا۔ ان رہنما اصولوں میں اسٹیٹ بینک نے واضح کیا ہے کہ صارفین سے چارجز کی وصولی میں بینکوں کو منصفانہ طرزِ عمل اختیار کرنا ہوگا، جبکہ چارجز کی تفصیلات سمجھانے کی غرض سے سادہ اور آسان انداز اختیار کرنا چاہیے۔ اسٹیٹ بینک نے مزید کہا کہ یہ سروس چارجز مناسب ہونے چاہئیں، انہیں سروس کے موافق ہونا چاہیے، اور ان خدمات کے چارجز صارفین سے وصول نہیں کرنے چاہئیں جو انہیں فراہم نہیں کی گئیں یا ان کی مرضی کے بغیر فراہم کردی گئیں۔ مرکزی بینک نے بینکوں کی بھی حوصلہ افزائی کی کہ وہ آگاہی کی مہمیں شروع کریں تاکہ سروس چارجز کے حوالے سے صارفین کے شعور میں اضافہ ہو۔

تمام بینکوں سے کہا گیا ہے کہ وہ صارف سے متعلق پراڈکٹس اور خدمات کے چارجز لیتے وقت ان اصولوں پر ان کی پوری روح کے ساتھ عمل کریں۔

***